© rasailojaraid.com

کی قسموں پر بہترین محققانہ بحث کر کے کتابِ الٰہی کے اُن تمام مقامات کو سمجھنے کے لیے ایک کلید فراہم کر دی ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے قسم کو بیانِ مدعا کا ذریعہ بنایا ہے۔ اگرچہ اس میں اُن سب آیات کی تفسیر نہیں کی گئی ہے جو قسم پر مشتمل ہیں، مگر جو اصولی بحث مولانا نے کی ہے وہ اُن تمام مشکلات کو دور کر دیتی ہے جو اس نوع کی آیات میں عموماً قرآن کا مطالعہ کرنے والوں کو پیش آتی ہیں۔ فی الواقع قرآن کی خدمت کے سلسلے میں جو چند بڑے کارنامے مصنف مرحوم سے انجام پائے ہیں، یہ رسالہ بھی انہی میں شمار کیے جانے کے لائق ہے۔ اُن سے پہلے کسی نے اقسامِ قرآن کی گتھی کو اس خوبی کے ساتھ نہ سلجھایا تھا۔

**ترجمہ و تفسیر پارۂ عم** ادارہ دار الاسلام، پٹھان کوٹ۔ قیمت ۸ ر

قرآن مجید کے تیسویں پارے کا عام فہم ترجمہ و تفسیر معہ تشریح الفاظ۔ جو لوگ قرآن کا تحقیقی مطالعہ کرنے کے بجائے صرف سیدھا سادہ مفہوم سمجھنا چاہتے ہوں اُن کے لیے اس طرز کی تفسیر مفید اور انکی ضرورت کے لیے کافی ہے۔ ترجمہ و تفسیر کو جس حد تک ہم نے دیکھا، قابلِ اطمینان پایا۔

**ترتیب نزول قرآن** پروفیسر محمد اجمل خاں صاحب۔ ضخامت ۱۰۰ صفحات۔ قیمت مجلد پانچ روپیہ۔ کتاب گھر ۱۱ سرائے گڑھا۔ الہ آباد۔

پروفیسر صاحب نے قرآن کی اندرونی شہادت اور دعوت اسلامی کے تاریخی ارتقاء اور روایات کی مدد سے قرآن مجید کی نزولی ترتیب معلوم کرنے کی کوشش کی ہے اور اپنے نتائج تحقیق کو اس کتاب کی صورت میں پیش فرمایا ہے۔ ساتھ ساتھ دوسرے محققین کی تجویز کردہ ترتیب، اور متقدمین کی بتائی ہوئی ترتیب کو بھی بیان کر دیا ہے۔ اس حد تک انکی یہ خدمتِ قرآن بہت قابلِ قدر ہے اور قرآن مجید کا تحقیقی مطالعہ کرنے والوں کو ان کا شکریہ ادا کرنا چاہیے۔ لیکن جن مقدمات کے ساتھ انہوں نے اپنی اس تحقیق کو پیش فرمایا ہے، اور جو مستشرقانہ اندازِ بیان اسکے لیے اختیار کیا ہے، افسوس ہے کہ اسکے بیشتر حصہ سے اتفاق کرنا ہمارے لیے مشکل ہے۔ ان چیزوں کے بغیر بھی یہ تحقیق بہت اچھی طرح پیش کی جا سکتی تھی اور اُس صورت میں بھی یہ اتنی ہی قابلِ قدر ہوتی جتنی اب ہے۔

© rasailojaraid.com